11 مئی، 2012ء

اسٹیٹ بینک نے بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کی رسک مینجمنٹ کی استعداد بڑھانے کے لیے دباؤ کی جانچ کی نظرثانی شدہ ہدایات جاری کردیں

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے آج بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کی رسک مینجمنٹ (risk management) کی صلاحیت کومزید بڑھانے کے لیے دباؤ کی جانچ (stress testing) کی نظر ثانی شدہ رہنماہدایات جاری کردیں۔

یہ نظرثانی شدہ ہدایات جو کہ عالمی معیار سے ہم آہنگ ہیں اور بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کے اس طرح کے تجزیے کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے ہیں تین سیکشنوں پر مشتمل ہیں:

نظر ثانی شدہ رہنماہدایات کے سیکشن 1 میں دباؤ کی جانچ کے فریم ورک کی تشکیل اور عملدرآمد کے معیارات مقرر کیے گئے ہیں، سیکشن 2 میں حساسیت کا تجزیہ استعمال کرتے ہوئے قرضے، منڈی اور سیالیت (لیکویڈیٹی) کے خطرے سے متعلق دباؤ کی جانچ کے لازمی طریقے بیان کئے گئے ہیں اور سیکشن 3 میں عملی خطرے، اسلامی بینکاری اور ترقی یافتہ طریقہ کار بشمول منظرنامے کا تجزیہ اور معکوس دباؤ کی جانچ کے اختیاری ٹیسٹ سے متعلق رہنمائی کی گئی ہے۔

11 مئی 2012ء کے بی ایس ڈی سرکلر نمبر 1 کے مطابق تمام بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والی سہ ماہی سے مقررہ فارمیٹ پر سہ ماہی بنیادوں پر سیکشن 2 میں بیان کردہ دباؤ کے جانچ کے نتائج اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے بینکنگ سرویلنس ڈپارٹمنٹ میں جمع کرائیں۔

[☆☆☆]